© rasailojaraid.com


# صبر کے معنی

— دشمنانِ حق کے مظالم کو مردانگی کے ساتھ برداشت کرنا'

— دینِ حق کو قائم اور سربلند کرنے کی جدوجہد میں ہر قسم کے مصائب اور تکلیفوں کو سہہ جانا'

— ہر خوف اور لالچ کے مقابلے میں راہِ راست پر ثابت قدم رہنا'

— شیطان کی تمام تر غیبات اور نفس کی ساری خواہشات کے علی الرغم فرض کو بجالانا'

— حرام سے پرہیز کرنا'

— حدود اللہ پر قائم رہنا'

— گناہ کی ساری لذتوں اور منفعتوں کو ٹھکرا دینا'

— نیکی وراستی کے ہر نقصان اور اس کی بدولت حاصل ہونے والی ہر محرومی کو انگیز کر جانا'

اس ایک لفظ کے اندر دین اور دینی رویے اور دینی اخلاق کی ایک دنیا کی دنیا سمو کر رکھ دی گئی ہے۔

(تفہیم القرآن' ج ۳' ص ۴۷۱)

(خیرخواہ)

© rasailojaraid.com